K

1

2

3

4

5

6

7

8

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں شراکت داری کے لئے

Department of Education

Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں- بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں-

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی- یہ حقیقت ان اسناد یافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخلہ لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں-

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی- مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں- ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے-

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک تیسرے گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں-

یہ گائیڈ تیسرے گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے- دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو تیسرا گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ چوتھے اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں-

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچے میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ❑ ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں-
- ❑ اپنے بچے کو منظم ہونے میں مدد دیں-
- ❑ ہوم ورک کا ایک باقاعدہ وقت مقرر کریں-
- ❑ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ اپنے استاد کی ہوم ورک پالیسیز جانتا ہے-

دیگر خیالات کے لئے ملاحظ کیجئیے
www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)- موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں-

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھیئے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں- ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں-

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اضافہ کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک دینے کی توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار کی معاونت کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کن مضامین میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں؟

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالا تر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویز کرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

3

فنونِ زبان

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- معلومات کے کم از کم دو ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ایک واضح، اور اچھی طرح منظم رپورٹ لکھ سکیں۔
- معلوماتی افسانوی اور غیر افسانوی عبارتوں میں اصل تصورات اور معاون تفصیلات کی شناخت کریں۔
- ایک موضوع پر دو مختلف ذرائع سے معلومات کا موازنہ اور تفریق کرسکیں۔
- اعدادو شمار، حقائق، تصورات کو ریکارڈ کرنے کیلئے یادداشتیں لکھ سکیں۔
- اصل کہانیاں تیار کریں جس میں کردار، منصوبہ، ترتیب، اور مکالمہ ہو۔
- باآواز بلند پڑھی گئی کتابوں سے یاد کرنے والی معلومات اور تصورات کو ریکارڈ اور منظم کرنے کیلئے یادداشت لکھنے اور گرافک آرگنائزس کا استعمال کرسکیں۔
- فونکس (صوتیات) اور لفظ کی بناوٹوں (جیسے، بنیادی الفاظ، فعل پر ختم ہونے والے، جمع اور مخفف) کا استعمال کرکے گریڈ سطح کے الفاظ کی رمز کشائی کرسکیں۔
- کتابوں کا مطالعہ کرکے اور لغت اور قاموس کا استعمال کرکے نئے فرہنگ اور تصورات سیکھیں۔
- آزادانہ طور پر تحریری کام میں ہجّے اور روایتی بڑے حروف اور اوقاف سے متعلق ترامیم کرسکیں۔
- تحریری ہدایات کو پڑھ اور سمجھ سکیں۔

گھر پر تعلیم

اہلِ خانہ کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درجِ ذیل تدابیر پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

اپنے بچے کو نیویارک پبلک لائبریری کی بچوں کی "On-Lion" ویب سائٹ پر کسی کتاب، فلم، موسیقی کے کام یا ویب سائٹ پر **تبصرہ کرنے کیلئے کہیں:**
http://kids.nypl.org/reviews-

لغت اور ایسی دیگر کتابوں کے ساتھ **اہلِ خانہ کے حوالے کیلئے لائبریری تیار کریں** جو ان موضوعات سے متعلق ہو جسے آپ کا بچہ پڑھ رہا ہے۔ اپنے بچے کو درست ہجّے اور تعریفوں کی تلاش کیلئے حوالہ جاتی مواد کے استعمال کی عادت ڈالنے کی ترغیب دیں۔ آن لائن حوالے شامل کریں، جیسے لغت کی سائٹ: www.m-w.com

اپنے بچے سے ایک اصل کہانی یا نظم لکھنے کو کہیں جسے وہ اپنے چھوٹے بھائی بہنوں یا پڑوسیوں کو سنائیں یا اپنے بڑے بچے کو ایسا ڈرامہ لکھنے اور اس کی ہدایت کاری کرنے کیلئے کہیں جس میں چھوٹے بچوں کو شامل کیا گیا ہو۔

ہر دن ذاتی مطالعے کیلئے وقت مختص کریں۔ ٹیلیویژن، کمپیوٹر، گیمز، فونز، اور دیگر توجہ منتشر کرنے والی چیزوں کو بند کردیں اور ہر ایک کو یکسوئی سے مطالعہ کرنے دیں – خود سے یا ایک دوسرے کے ساتھ۔

ریاضی

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- 1,000 کو (50, 100, 150 ...) 50 ;(25, 50, 75 ...) 25؛ اور 100 (100, 200, 300 ...) کے پہاڑے میں گنیں-
- واحد اعداد کو روانی کے ساتھ ضرب دے سکے- مثال کے طور پر 12=4×3 اور 54=9×6 جیسے مسائل کو گنتی کیے یا اعداد کے گروہ کو جوڑے بغیر مسائل کو حل کریں-
- واحد اعداد کو روانی کے ساتھ تقسیم کرسکتا ہو- مثال کے طور پر گنتی یا تفریق کیے بغیر یہ سئلہ حل کریں کہ 45 کو 5 سے تقسیم ÷دینے پر 9=، آتا ہے-
- طاق اور جفت اعداد کی شناخت کریں- معلوم کریں کہ جب کسی طاق اور جفت عددوں کو جمع اور تفریق کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے- مثال کے طور پر، دو طاق اعداد کو جوڑنے پر ایک جفت عدد حاصل ہوتا ہے اور کسی جفت عدد میں سے طاق عدد کو گھٹانے پر طاق عدد حاصل ہوتا ہے-
- یہ سمجھیں کہ کسریں کسی گروہ کی پوری اکائی کے مساوی حصے ہیں، مثال کے طور پر: ایک چوتھائی (¼) چار برابر حصوں میں سے ایک ہے-
- کسروں کا موازنہ کریں اور ایک عددی خط پر ان کے تخمینی مقامات تلاش کریں-
- جیومیٹری کے اشکال کے بارے میں بات کرتے وقت درست الفاظ کا استعمال کریں، جیسے "دائرہ"، "مثلث"، "مربع"، "کرہ"، "مکعب" یا "ذوذنقہ نما"-
- قریب قریب آدھا انچ، انچ، فِٹ، گز یا دیگر معیاری اکائیوں کی پیمائش کیلئے پیمائش کا آلہ یا گز کا استعمال کریں-
- قریبی منٹ تک کا وقت بتانے کیلئے عددی (ڈیجیٹل) اور روایتی سوئیوں والی گھڑیوں کا استعمال-
- سکِے اور ڈالروں کو گنیں- رقم بتانے کیلئے کرنسی کی درست علامتوں ($, €) کا استعمال کریں، جیسے $2.36-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کو ان چیزوں کیلئے ڈالروں اور سکوں کی گنتی کرنے کو کہیں جن کیلئے آپ نقد ادائیگی کرتے ہیں، جیسے نیوز اسٹینڈ سے رسائل یا سنیما کے ٹکٹ-

اپنے بچے کو اپنے گھر کے ان تمام آلات کو تلاش کرنے کے لیے آزمائیں جو وقت بتاتے ہیں- اسٹوو یا مائیکروویو، کیبل کے ڈبوں، ڈی وی ڈی پلیئرز، کمپیوٹرز، آئی پاڈز، سیل فونز، اور کلائی گھڑی کی تلاش کریں- ساتھ مل کر انہیں دوبارہ ترتیب دیں تاکہ یہ تمام ایک ہی وقت دکھائیں-

میتھمیٹیکا، ایک متعامل نمائش میں جائیں: کوئنز کے نیویارک ہال آف سائنس میں اپنے بچے کے ساتھ A World of Numbers (اعداد کی ایک دنیا) ملاحظہ کریں:
www.nyscience.org

وقت کے ساتھ نشونما ریکارڈ کرنے کیلئے اپنے بچے کا وزن لیں اور پیمائش کریں-

پہیلیاں حل کرنے کا موقع فراہم کریں-

سائنس

تیسرے گریڈ میں سائنس مادوں، توانائی، عام مشینوں، اور نباّتات و حیوانات کی مطابقت پذیری کی تفتیش کرتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- مختلف قسم کے مادوں کی طبعی خصوصیات کو بیان کرسکیں اور ان کا موازنہ کرسکیں- مثال کے طور پر، سائز، شکل، کمیت یا وزن، حجم، لچک پذیری، رنگ، بناوٹ، سختی، اور بو-
- توانائی کی مختلف شکلوں، جیسے آواز، حرارت، اور کیمیاوی توانائی کا مشاہدہ، شناخت، اور وضاحت کرسکیں-
- اس بات کی وضاحت کہ انسان کس طرح توانائی کو ایک شکل سے دوسری شکل میں تبدیل کرتا ہے اور وہ اس تبدیلی کے عمل کا استعمال کس طرح کرتا ہے- مثال کے طور پر، اس بات کی وضاحت کہ لوگ اپنے گھروں کیلئے بجلی کے بلبوں کے ذریعہ کس طرح حرارتی توانائی کو روشنی میں تبدیل کرتے ہیں یا ریڈیو کے ذریعہ کس طرح برقی توانائی کو آواز میں تبدیل کرتے ہیں-
- اس بات کا مشاہدہ اور وضاحت کرنا کہ حرارت کی مواصلت کس طرح ہوتی ہے- ان طریقوں کی وضاحت کریں جس کے ذریعہ حرارت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاسکتا ہے- مثال کے طور پر، گرم ہوا چلا کر یا کسی ٹھنڈی چیز کے قریب گرم چیز رکھ کر-
- اس بات کا مشاہدہ اور بیان کرنا کہ قوت لگانے پر، خواہ بلا واسطہ یا معمولی مشینوں جیسے بیرم یا گھرنی کے ذریعہ، حرکت میں تبدیلی ہوسکتی ہے-
- اس بات کا مشاہدہ اور وضاحت کہ کس طرح رگڑ کسی چیز کی حرکت کو متاثر کرتی ہے؛ مثال کے طور پر، رگڑ میں اضافہ ہونے سے کس طرح کسی چیز کی حرکت سست ہوجاتی ہے یا سمت تبدیل کرلیتی ہے-
- اس بات کا مشاہدہ اور وضاحت کہ کس طرح دھکا لگانے یا کھینچنے سے کسی چیز کی جگہ یا اس سمت میں تبدیلی ہوسکتی ہے جس میں وہ حرکت کررہا ہے-
- اس بات کی توضیح کرنا کہ تمام جانداروں کی نشونما کیسے ہوتی ہے، کیسے سانس لیتے، تولید کے عمل میں حصہ لیتے اور فاضل مادہ خارج کرتے ہیں-
- اس بات کی وضاحت کرنا کہ نباتات و حیوانات کو زندہ رہنے کیلئے کس طرح اپنے ماحول سے مطابقت اختیار کرنی ہوتی ہے- مثال کے طور پر، موسمَ سرما کے دوران انتہائی ٹھنڈے مقامات کے کچھ جانوروں کے بال بہت زیادہ گھنے اور بڑے ہوجاتے ہیں-
- چیزوں اور واقعات سے متعلق معلومات اور اعدادو شمار جمع، مرتب، اور اس کا تجزیہ کرسکیں-

گھر پر تعلیم

ساتھ مل کر اپنے گھر کے پاس والے باغات اور کھیل کے میدانوں کا دورہ کریں- مختلف طرح کی سطوح کا جائزہ لیں اور بحث کریں کہ کس میں زیادہ رگڑ ہوگی اور کس میں کم- رگڑ سے مختلف کھیلوں جیسے ہاکی یا گولف پر کیا اثر پڑسکتا ہے؟

اپنے بچے کو پڑھنے اور مطالعے کیلئے گھر میں ایک "خاموش گوشہ" بنانے میں مدد کریں- یہ معلوم کرنے کیلئے انٹرنیٹ کا استعمال کریں کہ کون سے مادےِ اور سطوح آواز کی لہروں کو جذب کرکے چیزوں کی آوازوں کو کم کرنے میں مدد کرتی ہیں-

اپنے بچوں کو ان تمام طریقوں کی تلاش کرنے کے لیے آزمائیں جس کے ذریعہ آپ کے گھر میں حرارت ایک چیز یا جگہ سے دوسری چیز یا جگہ میں **منتقل ہوتی ہے-** مفید نکتہ: ان سے ہاتھ میں برف کے ٹکڑے لینے کو کہیں-

اپنے بچے کے ساتھ، برانکس کے نیویارک بوٹینیکل گارڈن میں واقع **ایوریٹ چلڈرنز ایڈونچر گارڈن** میں جائیں www.nybg.org یا نیویارک شہر کے پارک یا کھیل کے میدان میں پودوں کا مشاہدہ کریں- تحقیق کریں کہ نیویارک شہر میں کس قسم کے پودے بہتر طور پر زندہ رہتے ہیں-

معاشرتی علوم

تیسرے گریڈ کے معاشرتی علوم میں، طلبا پوری دنیا کی برادریوں سے متعلق تصور کی جستجو کرتے ہیں-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- یہ سمجھیں کہ برادریاں، دنیا میں پائی جانے والے افراد اور ثقافتوں کے تنوع کی عکاسی کرتی ہیں-
- گلوب یا نقشے پر بر اعظموں اور سمندروں کی تلاش کرسکے-
- "ثقافت" کے معنی کی توضیح کریں اور یہ کہ کس طرح دنیا کی برادریاں اپنی ثقافتوں کا عکس پیش کرتی ہیں-
- زیرِ مطالعہ عالمی برادریوں کی ثقافتوں، حکومتوں، تاریخوں، اور جغرافیوں کا موازنہ اور ان میں تفریق-
- یہ سمجھے کہ کس طرح کلیدی افراد اور واقعات دنیا بھت کی برادریوں میں تبدیلی پیدا کرتے ہیں-
- موجودہ واقعات کے بارے میں رائے قائم کرنا اور اس کی وضاحت-
- ایسے راستوں کی وضاحت جس کے ذریعۃ جغرافیۃ عالمی برادری کو متاثر کرسکتا ہے- مثال کے طور پر، یہ بیان کریں دیگر زمینوں سے دور کے بر اعظم میں رہائش آسٹریلیا کے باشندوں کو کسیے متاثر کرتی ہے-
- اس بات کی جستجو کریں کہ افراد کس طرح اپنے قدرتی وسائل کو فروغ دیتے ہیں- مثال کے طور پر، یہ بیان کریں کہ وہ اپنی ضروریات کی تکمیل کیلئے کس طرح کھیتی کی زمین، جنگلات، یا پانی کی فراہمی کا استعمال کرتے ہیں-
- اس بات کو سمجھیں کہ عالمی برادریوں میں لوگ قوانین و ضوابط تیار کرنے کیلئے حکومتوں کی تشکیل کرتے ہیں-
- اس بات سے واقف ہوں اور اسے سمجھیں کہ عالمی برادریوں کے اپنے حقوق، اپنی ذمہ داریاں، اور اپنے ضوابط ہوتے ہیں-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کے ساتھ مل کر یہ معلوم کریں کہ آپ کی اپنی گلی میں کتنے ممالک اور ثقافتوں کی نمائندگی کرنے والے موجود ہیں- مثال کے طور پر، یونانی ریستوراں؛ کریؤل، ہسپانوی یا روسی زبان کے اخبارات؛ ہندوستان کا کوئی ڈاکٹر یا وکیل تلاش کریں- انہیں بتائیں کہ کس طرح یہ اہلِ خانہ نیویارک آئے ہونگے-

اپنے بچے کے ساتھ مڈ ٹاؤن میں اقوام متحدہ کا دفتر ملاحظہ کریں- بچوں کیلئے اقوام متحدہ (U.N.) کی سائبر اسکول بس www.un.org/Pubs/CyberSchoolBus تنظیم کے بارے میں متعامل معلومات، ساتھ ہی کھیل اور اقوام متحدہ کی برادری میں نوجوانوں کی شرکت کیلئے دیگر طریقے فراہم کرتا ہے-

اپنے بچے کو چھٹیوں کی تیاری کرنے میں مدد کرنے کیلئے کہیں- مثال کے طور پر، اہل خانہ کے آرائشی سازوسامان کو سجانا یَا روایتی کھانے بنانا-

اس بات پر بحث کرنا کہ مختلف قسم کی جماعتوں، جیسے ممالک؛ کلبز، جیسے بوائے سکاؤٹس اور گرلز سکاؤٹس؛ اور مذہبی برادریوں **میں کس طرح عہد یا حلف برداری ممبران کو مشترکہ اقدار پر متفق ہونے میں مدد کرتا ہے-** اپنے بچے کو اپنے خاندان کیلئے ایک عہدنامہ لکھنے کی ترغیب دیں اور اس پر باہم گفتگو کریں-

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے تیسرے گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، ریاضی کا کام کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں، اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں-

- **آرٹس:** تیسرے گریڈ کے طلبا بصری فنون، موسیقی، رقص اور تھیٹر میں شرکت کرتے ہیں- وہ موسیقی کی ترقیم پڑھتے ہیں اور مخصوص سر پیدا کرنے والے ساز جیسے ریکارڈرز یا بانسری کا استعمال کرتے ہیں؛ متعدد موادوں کے ساتھ دو اور سہ ابعادی انداز میں بصری فنون سے متعلق کام کرتے ہیں؛ رقص کی بنیادی قسموں کا استعمال کرکے رقص تیار کرتے ہیں؛ سادہ ڈراموں کی تشکیل اور پیش کش کرتے ہیں اور آزادانہ طور پر اور چھوٹے گروہوں میں کام کرتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **تندرستی اور صحت:** طلبا جسمانی لحاظ سے پُرفعال رہنے کے متعدد مواقعوں میں مشغول رہتے ہیں، صحت مندانہ فیصلے لینا سیکھتے ہیں، ایک صحت مند طرزِ زندگی اپناتے ہیں اور تندرستی کی مختلف روایتی اور غیر روایتی سرگرمیوں کا تجربہ کرتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **لائبریری اور تحقیق:** اس سال کے اختتام پر، تیسرے گریڈ کے طلبا لائبریری کو ترتیب دینے کے ڈیوی نظام کو سمجھتے ہیں اور تحقیق اور ذاتی دلچسپیوں کیلئے کتابیں تلاش کرسکتے ہیں- وہ تحقیقی پروجیکٹ شروع کرنے کیلئے اچھے سوالات پوچھ سکتے ہیں؛ مدد کے ساتھ آن لائن کیٹیلاگ تلاش کرسکتے ہیں؛ منتخب ویب سائٹوں پر معلومات تلاش کرسکتے ہیں؛ اپنے تحقیقی سوالات کا جواب تلاش کرسکتے ہیں اور ابتدا، درمیان، اور اختتام کے ساتھ تحقیقی مصنوع تیار کرسکتے ہیں- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **ٹکنالوجی:** طلبا کسی ایسی پیشکش کی منصوبہ بندی، ترتیب، تیاری اور سازینہ کاری کا طریقہ سیکھتے ہیں جس سے کلاس کے ساتھیوں کے ساتھ معلومات اور تصورات کا اشتراک ہو- طلبا جانتے ہیں کہ الکٹرانک پیغامات پڑھنے، بھیجنے، یا شائع کرنے کیلئے کس طرح خطرے سے پاک اور محفوظ طور پر ٹیلی مواصلاتی آلات کا استعمال کیا جائے- طلبا آزادانہ طور پر جانتے ہیں کہ تفویض کردہ موضوعات سے متعلق معلومات کی تلاش، درجہ بندی اور استعمال کیلئے عمومی ڈیٹا بیس (جیسے لائبریری کے کیٹیلاگز، اور آن لائن لغات، اور قاموس) کا استعمال کیسے کیا جائے- مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: wwwwww.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا- آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں-

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں- مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/ ملاحظہ کیجئیے- آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں- علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں-

DIAL 311

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

T&I-7924 3rd (Urdu)